www.KitaboSunnat.com

(۱۴) گھریلو اخراجات کے علاوہ اگر حج کی رقم موجود ہو تو فوراً حج کا اہتمام کرنا چاہیے اور کاروباری معاملہ کو مؤخر کردینا چاہیے۔ درمیانے آدمی کا طرزِ عمل درست ہے اور تیسرا خطاکار ہیں...... ان کو اپنے طرزِ عمل پر نظر ثانی کرنی چاہیے۔

س: کیا فرضی روزوں کی قضا ماہِ شوال میں دینا درست ہے یا ممنوع؟

(۱۵) فرض روزوں کی قضاء ماہ شوال میں درست ہے، ممانعت کی کوئی وجہ نہیں۔

س: جہادِ کشمیر میں شریک ہونے والے مجاہدین کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(۱۶) مجاہد کے ثواب کی حد تک، اگر اللہ کے کلمہ کی سربلندی کی خالص نیت ہے تو بلا شبہ شرعی جہاد ہے۔

س: عذابِ قبر روح کو ہوتا ہے یا میت کو، یا دونوں کو؟

(۱۷) نصوص سے ظاہر ہوتا ہے کہ عذابِ قبر کا تعلق جسم اور روح دونوں سے ہے۔

س: ایک آدمی دنیاوی قبر کے عذاب کا منکر ہے اور کہتا ہے کہ برزخی قبر میں عذاب ہوتا ہے۔ اسی طرح مومن کی برزخی قبر کشادہ ہوتی ہے، دنیاوی قبر نہیں...... یہ عقیدہ اسلام کی نظر میں کیسا ہے؟

(۱۸) دنیاوی قبر کا تعلق بھی اصلاً برزخ سے ہے لہٰذا اس تفریق کی کوئی ضرورت نہیں۔ عذاب قبر ہر دو صورت میں برحق ہے۔ تاویل اور انکار کی کوئی گنجائش نہیں۔

س: عِلیّین و سِجّین میں اعمال نامے اور روح دونوں رکھے جاتے ہیں یا کوئی ایک؟

(۱۹) علیّین اور سجین سے اعمال نامے اور روح دونوں کا تعلق ہوتا ہے (فتاویٰ عزیزیہ)

س: قبر میں میت سے تین مشہور سوال: مَن ربّك، ما دينك، من نبيّك کا پوچھا جانا صحیح حدیث سے ثابت ہے؟

(۲۰) ہاں یہ تینوں سوالات صحیح احادیث سے ثابت ہیں۔

س: محلّہ کی جامع مسجد میں مکتبہ اور تعلیم قائم اور جاری وساری ہونے کی صورت میں کوئی آدمی اسی محلّہ کے کسی دوسرے گھر وغیرہ میں مکتبہ اور تعلیم کا سلسلہ قائم کردے جس کی وجہ سے مسجد کی آبادی اور محلّہ کی جماعت میں تفرقہ پڑ جائے تو ایسے فرقہ پسند شخص کے بارے میں فرمائیں؟

(۲۱) افراد کو جوڑنا چاہیے، توڑنا نہیں چاہیے۔ تفرقہ کے اسباب کا کھوج لگا کر ہر ممکن طریقہ سے اتحاد کی سعی کرنی چاہیے، اسی میں خیر و برکت ہے۔ جھگڑا اور تفرقہ بازی سے قرآن میں سختی سے روکا ہے ﴿وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ﴾ "آپس میں جھگڑا مت کرو، اس سے تم (راہ حق) سے پھسل جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی"...... دین و دنیا کی فلاح اسی پر منحصر ہے کہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ